روزنامہ حقیقت ٹائمس مظفر پور
Urdu Daily Muzaffarpr
HAKIKAT TIMES
उर्दू दैनिक, मुजफ्फरपुर
हकीकत टाइम्स

# شانتو، مشفق کی سنچریوں نے بنگلہ دیش کو سنبھالا، ۲۹۲ رن بنائے



گال، (سری لنکا) 17 جون (یو این آئی) کپتان نجم الحسین شانتو (ناٹ آؤٹ 136) اور مشفق الرحیم (ناٹ آؤٹ 105) کی سنچریوں کی بدولت بنگلہ دیش نے پہلے ٹیسٹ کے پہلے دن تین وکٹ پر 292 رنز بنا کر میچ پر مضبوط گرفت بنالی ہے۔ آج یہاں بنگلہ دیش نے پہلے ٹیسٹ میچ میں میزبان سری لنکا کے خلاف ٹاس جیت کر پہلے بلے بازی کرنے کا فیصلہ کیا۔ بلے بازی کرنے اتری بنگلہ دیش کی شروعات اچھی نہیں رہی۔ اسیتھا فرنینڈو نے انعام الحق (صفر) کو آؤٹ کرکے بنگلہ دیش کو پہلا جھٹکا دیا۔ تھرندو رتنائیکے نے اپنے پہلے ٹیسٹ میں شادمان اسلام (14) کو آؤٹ کرکے سری لنکا کو دوسری کامیابی دلائی۔ اس کے بعد رتنائیکے نے مومن الحق (29) کو بھی آؤٹ کرکے بنگلہ دیش کے لیے بحران پیدا کر دیا۔ مشکل کے ایسے وقت میں کپتان نجم الحسین شانتو اور مشفق الرحیم کی جوڑی نے بنگلہ دیش کی اننگ کو سنبھالا۔ دونوں بلے بازوں کے درمیان چوتھی وکٹ کے لیے 247 رنز کی ناقابل شکست شراکت ہوئی۔ اس سے قبل نجم الشانتو نے 203 گیندوں پر 11 چوکوں اور ایک چھکا کی مدد سے 101 رنز بنا کر اپنی سنچری مکمل کی۔ نومبر 2023 کے بعد شانتو کی یہ پہلی اور سری لنکا کے خلاف دوسری ٹیسٹ سنچری ہے۔ اس کے بعد مشفق نے 176 گیندوں میں پانچ چوکے لگا کر اپنی سنچری مکمل کی۔ مشفق کی یہ 12ویں ٹیسٹ سنچری ہے، انہوں نے سری لنکا کے خلاف چوتھی بار سنچری بنائی ہے۔ پہلے دن کا کھیل ختم ہونے پر بنگلہ دیش نے تین وکٹوں پر 292 رنز بنا کر اپنی پوزیشن مضبوط کرلی ہے۔ نجم الشانتو (136 ناٹ آؤٹ) اور مشفق الرحیم (105 ناٹ آؤٹ) کریز پر موجود ہیں۔ سری لنکا کی جانب سے تھرندو رتنائیکے نے دو وکٹیں حاصل کیں۔ اسیتھا فرنینڈو کو ایک وکٹ ملا۔

# نیپال نے سنسنی خیز مقابلے میں اسکاٹ لینڈ کو دو وکٹوں سے شکست دے دی



گلاسگو 17 جون (یو این آئی) سندیپ لامیچھانے (چار وکٹ)، دیپیندر سنگھ ایری اور کرن کے سی (دو-دو وکٹ) کی شاندار گیند بازی کے بعد کشل بھرتیل (30) رن کی جدوجہد سے پر اننگز کی بدولت نیپال نے منگل کو سہ رخی سیریز کے تیسرے میچ میں اسکاٹ لینڈ کو ایک گیند باقی رہتے ہوئے دو وکٹوں سے شکست دے دی۔ 98 رنز کے ہدف کا تعاقب کرنے اتری نیپال کے لئے کشل بھرتیل اور لوکیش بم کی جوڑی نے پہلی وکٹ کے لیے 21 رنز جوڑے۔ تیسرے اوور میں برینڈن میک ملن نے لوکیش بم (9) کو آؤٹ کر کے نیپال کو پہلا جھٹکا دیا۔ اس کے بعد اسکاٹ لینڈ کے بولنگ اٹیک کے سامنے نیپال کی وکٹیں وقفے وقفے سے گرتی رہیں۔ انل شاہ (تین)، کپتان روہت پاڈیل (سات)، دیپیندر سنگھ ایری (14)، کشل بھرتیل (30) اور بصیر احمد (13) رنز بنانے کے بعد آؤٹ ہوئے۔ آخری بلے بازوں کی جدوجہد سے پر اننگز کی بنیاد پر نیپال نے 5.19 اوورز میں آٹھ وکٹوں پر 98 رنز بنا کر میچ دو وکٹوں سے جیت لیا۔

اسکاٹ لینڈ کی جانب سے مائیکل لیسک اور صافیان شریف نے دو دو وکٹیں حاصل کیں۔ جیسپر ڈیوڈسن، جیک جارویس، مارک واٹ اور برینڈن میک ملن نے ایک ایک بلے باز کو آؤٹ کیا۔ اس سے قبل آج یہاں نیپال نے ٹاس جیت کر اسکاٹ لینڈ کے خلاف پہلے گیند بازی کا فیصلہ کیا۔ بلے بازی کرنے آئی اسکاٹ لینڈ کی شروعات انتہائی خراب رہی اور اس نے صرف 5.4 اوورز میں 24 رنز کے اسکور پر پانچ وکٹیں گنوا دیں۔ اسکاٹ لینڈ کی جانب سے مائیکل لیسک نے چار چوکوں اور ایک چھکا کی مدد سے سب سے زیادہ (46) رنز بنائے۔ انہیں دیپیندر سنگھ ایری نے بولڈ آؤٹ کیا۔ کپتان میتھیو کراس (15) اور برینڈن میک ملن (10) رنز بنانے کے بعد آؤٹ ہوئے۔ نیپال کے باؤلنگ اٹیک کے سامنے اسکاٹ لینڈ کی پوری ٹیم 4.19 اوورز میں 97 کے اسکور پر ڈھیر ہوگئی اور نو بلے باز ڈبل فیگر تک بھی نہ پہنچ سکے۔ نیپال کے لیے سندیپ لامیچھانے نے چار اوورں میں 11 رن دے کر چار وکٹ لیے۔ دیپندر سنگھ ایری نے 4.3 اوورز میں 24 رنز دے کر دو وکٹ جھٹکے۔ کرن کے سی نے چار اوورز میں 20 رنز دے کر دو وکٹ اپنے نام کیا۔




# مندھانا ون ڈے میں ایک بار پھر سرفہرست

دبئی، 17 جون (یو این آئی) ہندوستانی خاتون ٹیم کی اسٹار بلے باز اسمرتی مندھانا نے ایک روزہ بلے بازی رینکنگ میں چھ سال بعد دوبارہ ٹاپ پوزیشن حاصل کرلی ہے۔ مندھانا نے سری لنکا اور جنوبی افریقہ کے ساتھ سہ فریقی سیریز میں شاندار کارکردگی کی بدولت یہ کارنامہ انجام دیا۔ اس سے قبل انہوں نے یہ مقام سال 2019 میں حاصل کیا تھا۔ آئی سی سی کی جانب سے منگل کو جاری کردہ تازہ ترین رینکنگ کے مطابق مندھانا نے 727 ریٹنگ پوائنٹس کے ساتھ جنوبی افریقہ کی کپتان لورا وولوارڈٹ کو پیچھے کرتے ہوئے نمبر ایک کا تاج اپنے نام کیا ہے۔ انگلینڈ کی نئی کپتان نیٹ سکیور برنٹ اور جنوبی افریقہ کی کپتان لورا وولوارڈ 719 پوائنٹس کے ساتھ مشترکہ طور پر دوسرے نمبر پر کھسک گئی ہیں۔ اس فہرست میں جمائمہ روڈریگز 14ویں اور کپتان ہرمن پریت کور 15ویں نمبر پر ہیں۔

# گل کی کپتانی میں کوہلی اور روہت کی خصوصیات: بٹلر



لندن 17 جون (یو این آئی) انگلینڈ کے محدود اوورز کے سابق کپتان جوس بٹلر نے کہا کہ ہندوستانی ٹیسٹ ٹیم کے نوجوان کپتان شبمن گل کی قیادت میں وراٹ کوہلی اور روہت شرما کی خصوصیات ہیں۔ انڈین پریمیئر لیگ (آئی پی ایل) 2025 میں شبھمن گل کی کپتانی میں کھیل چکے بٹلر نے کہا کہ گل کی کپتانی وراٹ کوہلی جیسی جارحانہ قیادت اور روہت شرما جیسی پرسکون قیادت کا مرکب ہے۔ انہوں نے کہا کہ گل اپنے دو سابق کپتانوں کی بہترین خصوصیات کے ساتھ اپنے طریقے سے ٹیم کی قیادت کریں گے۔ انہوں نے کہا،"وہ واقعی ایک متاثر کن نوجوان کھلاڑی ہے۔ جب وہ بولتا ہے تو وہ بہت پرسکون اور متوازن ہوتا ہے، لیکن مجھے لگتا ہے کہ وہ میدان پر تھوڑا جارحانہ ہے، جہاں اس میں تھوڑی شدت اور جدوجہد کا جذبہ ہے۔ وہ کوہلی اور روہت کا مرکب ہے۔ اس نے ظاہر ہے ان دو لوگوں سے سیکھا ہے، لیکن وہ بڑی حد تک اپنی شناخت بنائے گا۔ وہ اپنی کپتانی اور بلے بازی میں کو مختلف طریقے سے نبھانے کی کوشش کریں گے اور کچھ اچھے لوگوں کی حمایت بھی حاصل کرنی ہوگی۔

# کام کے بوجھ کی وجہ سے ٹیسٹ ٹیم کا کپتان نہیں بنا: بمراہ



لندن، 17 جون (یو این آئی) ہندوستانی ٹیم کے تیز گیند باز جسپریت بمراہ نے کہا کہ وہ کام کے بوجھ کے انتظام کی وجہ سے ٹیسٹ کپتان نہیں بننا چاہتے تھے اور انہوں نے اس حوالے سے بورڈ آف کنٹرول فار کرکٹ ان انڈیا (بی سی سی آئی) کو بھی آگاہ کر دیا تھا۔ جمعہ کو شروع ہونے والے ٹیسٹ میچ سے پہلے ایک انٹرویو میں بمراہ نے کہا، اس کپتانی کے بارے میں کوئی مسالے دار کہانی نہیں ہے۔ اس میں کوئی تنازعہ نہیں ہے، کوئی سرخی والا بیان نہیں ہے کہ مجھے برخاست کر دیا گیا تھا یا میرے بارے میں نہیں سوچا گیا تھا۔ روہت شرما اور وراٹ کوہلی کے ریٹائر ہونے سے پہلے، میں نے بی سی سی آئی سے بات کی تھی کہ میں نے پانچ ٹیسٹ میچوں کی سیریز میں کھیلنے کے حوالے سے اپنے کام کے بوجھ کو لے کر بات کی ہے۔ میں نے ان لوگوں سے بات کی ہے جنہوں نے میری پیٹھ کا علاج کیا ہے۔ میں نے سرجن سے بھی بات کی ہے، جنہوں نے ہمیشہ مجھ سے کہا ہے کہ آپ کو کام کے بوجھ کے بارے میں کتنا محتاط رہنا چاہیے۔ ان کا کہنا تھا کہ میں نے ان سے بات کی اور پھر ہم اس نتیجے پر پہنچے کہ مجھے تھوڑا زیادہ ہوشیار رہنا ہوگا۔ میں نے بی سی سی آئی کو فون کیا اور انہیں بتایا کہ میں کپتانی نہیں کرنا چاہتا کیونکہ میں پانچ ٹیسٹ میچوں کی سیریز میں اپنے تمام ٹیسٹ میچ نہیں کھیل سکوں گا۔ انہوں نے کہا کہ یہ درست نہیں کہ میں تین میچوں میں کپتانی کروں اور دو میں نہیں۔ میرے لیے ٹیم پہلے آتی ہے۔ پہلے، تیسرے اور پانچویں میچ میں کھیلنے کے سوال پر بمراہ نے کہا کہ ہم آگے کی منصوبہ بندی کریں گے۔ میں تین ٹیسٹ میچوں پر غور کر رہا ہوں۔ اس بارے میں ابھی تک کچھ طے نہیں ہوا ہے۔ میں پہلا ٹیسٹ میچ کھیلوں گا۔ باقی کا فیصلہ بعد میں کیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ میں جن میچوں میں کھیلوں گا ان میں اپنی بہترین کارکردگی پیش کروں گا۔

# سبالینکا نے گاف پر تبصرے کیلئے معافی مانگی

برلن، 17 جون (یو این آئی) بیلاروس کی اسٹار ٹینس کھلاڑی آرینا سبالینکا نے فرنچ اوپن کے فائنل میں امریکی کھلاڑی کوکو گاف پر کیے گئے غیر پیشہ ورانہ تبصروں کے لیے منگل کو ایک خط لکھ کر معافی مانگ لی۔ گوف نے عالمی نمبر ایک سبالینکا کو اس ماہ کے شروع میں فرنچ اوپن کے فائنل میں 6-7 (7-5) 6-2 6-4 سے شکست دی تھی۔ میچ کے بعد سبالینکا نے کہا تھا کہ فائنل میچ میں یہ میری بدترین کارکردگی تھی اور گاف نے میری غلطیوں کی وجہ سے ٹائٹل جیتا۔ سبالینکا نے آج کہا کہ انہیں اپنے تبصروں پر افسوس ہے۔ انہوں نے کہا،"یہ میرے لیے بالکل بھی پیشہ ورانہ نہیں تھا۔ میں نے اپنے جذبات کو حاوی ہونے دیا۔ میں بھی ایک انسان ہوں جو اب بھی اپنی زندگی سے سیکھ رہی ہوں۔ مجھے لگتا ہے کہ ہم سب کی زندگی میں ایسے دن آتے ہیں جب ہم خود پر کنٹرول کھو دیتے ہیں۔" انکیتا بھکت ایک مشہور ہندوستانی تیر انداز ہیں جو بائیں ہاتھ سے اپنے تیر اندازی کے جوہر دکھاتی ہیں۔ انکیتا بھکت کا تعلق مغربی بنگال سے ہے۔










Owner Syed Naiyar Ali Warsi Publisher Syed Naiyar Ali Warsi Printer DB Corp- Ltd- Near Bansh Hospital Darbhanga Road Patiyasha Muzaffarpur Pin 843103
Published From Manzarul Hasan Mohallah Milkitola Sadpura PO Ramna H-No-987 Distt Muzaffarpur Bihar 842002-Editor Syed Naiyar Ali Warsi